تبصرے

سرگذشتِ حاتم | مرتبہ سید محی الدین صاحب قادری زور، تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۸ صفحات کتابت وطباعت متوسط قیمت دو روپیہ پتہ:۔ سب رس کتاب گھر خیریت آباد حیدرآباد دکن۔

شاہ ظہور الدین حاتم اردو کے ان قدیم شعرا میں سے ہیں جنھوں نے ولی دکھنی کے تتبع میں مستقلاً اردو شاعری شروع کی اور اس کو پروان چڑھایا۔ اور اپنے بعد شاگردوں کا ایک وسیع حلقہ چھوڑ گئے جنھوں نے اردو شاعری کی انگلی پکڑ کر اسے اور آگے بڑھایا۔ زور صاحب نے اس کتاب میں آپ کے ہی حالات وسوانح خصوصیاتِ کلام اور بعض اور متعلقہ مباحث پر روشنی ڈالی ہے۔ اندازِ گفتگو محققانہ ہے۔ مولانا محمد حسین آزاد کے بیانات پر اس ذیل میں خاص تنقید ہوگئی ہے۔ مرحوم حاتم کا مجموعۂ کلام "دیوان زادہ" بھی ادارۂ ادبیات کے زیرِ اہتمام طبع ہو رہا ہے۔ دیوان زادہ کے ساتھ سرگذشت حاتم کا مطالعہ اردو زبان وادب کی تاریخ کے طالب علم کے لئے بہت مفید وسودمند ہوگا۔

عالمِ آشوب | از حضرتِ سیماب اکبرآبادی۔ تقطیع خورد ضخامت ۲۸۴ صفحات، کتابت وطباعت دیدہ زیب اور اعلیٰ قیمت مجلد ۲؎ پتہ:۔ مکتبہ قصر الادب دفتر "شاعر" آگرہ

حضرت سیماب اکبرآبادی عہدِ حاضر کے مشہور شاعر وسخنور ہیں۔ آپ کی مہارتِ فن پختہ کاری اور جبلی استعداد شعرگوئی مخالفین تک کو بھی تسلیم ہے۔ قدرتِ بیان اور موزونیتِ طبع کا یہ عالم ہے کہ اردو شاعری کی کوئی صنف ایسی نہیں ہے جس میں آپ نے دادِ سخن نہ دی ہو۔ اور جس میں اپنا مخصوص اور انفرادی رنگ قائم رکھنے میں کامیاب نہ ہوئے ہوں۔ پھر آپ کی شعرگوئی محض شعرگوئی کے لئے نہیں ہے۔ بلکہ اس کا مقصد زندگی میں ایک ہمہ گیر اور صالح انقلاب کی مسلسل دپیہم دعوت ہے۔ چنانچہ زیرِ تبصرہ کتاب جو موصوف کی تین سو سے